NO.SAC.E-T(1)/2026-27

از دفتر سپریم اپیلیٹ کورٹ گلگت بلتستان

﴾ ٹینڈر نوٹس ﴿

سپریم اپیلیٹ کورٹ گلگت بلتستان سال 2027-2026 کے لیے درجہ ذیل اشیاء کی مد میں رجسٹرڈ ڈیلر / کنٹریکٹر حضرات سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہے۔ ذیل میں دیئے گئے اشیاء کے ٹینڈر 03 نومبر 2026 بوقت صبح 11:00 بجے تک زیر دستخطی کے دفتر ہذا میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ ٹینڈر خریداری کمیٹی اور بولی دہندگان کی موجودگی میں اسی دن بوقت 12:00 بجے دوپہر کھولے جائینگے۔ اشیاء کی تفصیل ذیل ہیں۔

1. آفس اسیٹشنری۔
2. کمپیوٹر اسیٹشنری۔
3. رننگ پارٹس و سپیئر پارٹس / مرمت برائے سرکاری گاڑیاں۔
4. متفرق اشیاء۔

شرائط:۔

1. ٹینڈر میں دیئے گئے نرخ 30 جون 2027 یا نئے ٹینڈر ہونے تک لاگو ہونگے۔
2. کامیاب ٹینڈر دہندگان دیئے گئے نرخ بغیر اُتار چڑھاؤ معیاری اشیاء دفتری حدود میں مہیاء کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز جن اشیاء یا خدمات کا ذکر ٹینڈر میں نہ ہو ان کا تعین مارکیٹ ریٹ کے مطابق کیا جائے گا۔
3. بولی دہندہ کا اپنا مکمل سیٹ اپ (دوکان / ورکشاپ) کا ہونا لازم ہے۔ اور کمپنی / فرم کا مالک ہونا بھی ضروری ہے نیز اشیاء کی فراہمی اور سروسز کی فراہمی میں مناسب تجربہ بھی ضروری ہے۔
4. ٹینڈر کمیٹی بولی دہندہ کی جانچ کے بعد مجوزہ طور پر کم ترین بولی دہندہ کو ٹینڈر ایوارڈ کریگی۔
5. بولی دہند تخمینہ لاگت کا 05% بطور کال ڈیپازٹ (قابل واپسی) بنام رجسٹرار سپریم اپیلیٹ کورٹ گلگت بلتستان منسلک کرنے کا پابند ہوگا۔
6. غیر حقیقی ریٹس یعنی مارکیٹ ریٹس کے مقابلے میں بہت زیادہ یا بہت کم اور مشروط اور نامکمل بولیاں فوراً مسترد کردی جائیگی۔
7. کامیاب بولی دہندگان تمام اشیاء کو معیاری اور پیکنگ میں فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ ناقص اور غیر معیاری اشیاء کو مسترد کردیا جائے گا۔
8. کامیاب بولی دہندہ 10% پرفارمنس گارنٹی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔
9. کامیاب بولی دہندہ GB PPRA کے مروجہ قوانین وضوابط کا پابند ہوگا۔

ڈپٹی رجسٹرار

سپریم اپیلیٹ کورٹ گلگت بلتستان

Phone No. 922104